F. 6-4 (Edit) /2019 NCPUL Press release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099
Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 30 /07 / 2019

طب یونانی ہمارا تہذیبی ورثہ ہے، اس کا تحفظ وفروغ ہم سب کی ذمہ داری: ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

قومی اردو کونسل کے صدر دفتر میں منعقدہ طب یونانی پینل کی میٹنگ کا انعقاد

طب یونانی ہمارا تہذیبی ورثہ ہے، اس کا تحفظ وفروغ ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ اردو کو زندگی بخشنے میں طب یونانی کا بھی بڑا رول رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے کونسل کے صدر دفتر میں منعقدہ طب یونانی پینل کی میٹنگ میں کیا۔ انھوں نے کہا کہ طب یونانی اور اردو کا گہرا رشتہ رہا ہے۔ اسی لیے طب یونانی کا خاصا بڑا ذخیرہ اردو زبان میں موجود ہے۔ ہندوستان میں طب یونانی کے ماہرین نے یونانی طریقۂ علاج کے لیے جس زبان کا سہارا لیا، وہ اردو ہی ہے۔ اس طرح اردو کے ذریعہ طب یونانی کا اور طب یونانی کے ذریعہ اردو کا فروغ ہوتا رہا ہے۔ دونوں کے باہمی رشتہ کو رواں صدی میں بھی قائم رکھنے کی کوشش کی جائے اور اس سمت میں مثبت ومضبوط اقدامات کیے جائیں۔ انھوں نے کہا کہ اپنی اس تاریخی وتہذیبی وراثت کے تحفظ وفروغ کے لیے قومی اردو کونسل گذشتہ کئی برسوں سے کام کر رہی ہے اور کونسل سے یونانی طریقۂ علاج، یونانی ادویہ اور طب یونانی کی تاریخ پر کئی اہم کتابیں شائع ہو چکی ہیں اور اس حوالے سے مزید کئی کتابیں جلد ہی منظر عام پر آنے والی ہیں۔

ڈاکٹر محمد خالد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ قومی اردو کونسل کی بڑی کامیابی ہے کہ اس نے قلیل مدت میں بڑے پیمانے پر اردو میں طب یونانی سے متعلق مواد کی اشاعت کو یقینی بنایا اور متعدد اہم کتابیں شائع کر کے بڑا کارنامہ انجام دیا۔ انھوں نے کہا کہ حال ہی میں کونسل نے صحت سے متعلق ایک اہم کتاب 'حفظان صحت' شائع کی ہے اور امراض اطفال اور امراض نسواں سے متعلق کتابوں کی اشاعت کے ساتھ تاریخ طب، معالجات، جراحت، علم الادویہ اور کلیات ادویہ جیسی کتابیں زیر اشاعت ہیں۔ ڈاکٹر اشہر قدیر نے کہا کہ گزشتہ چند برسوں میں ہم طب یونانی پر اچھی خاصی کتابیں شائع کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں اور اگلے چند سالوں میں یہ دائرہ مزید وسیع ہو جائے گا۔

میٹنگ میں نئے منصوبوں پر بھی غور وخوض کیا گیا اور کئی اہم تجاویز سامنے آئیں۔ میٹنگ میں پروفیسر محمد ایوب، ڈاکٹر وسیم احمد، ڈاکٹر شمیم ارشاد اعظمی، ڈاکٹر محمد اکرم، حکیم وسیم احمد اعظمی، ڈاکٹر شبیر احمد کے علاوہ ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی اسسٹنٹ ڈائرکٹر اکیڈمک، ڈاکٹر محمد فیروز عالم اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر، ذیشان فاطمہ اور یوسف رامپوری شریک رہے۔

(رابطہ عامہ سیل)